## Following clarification/rebuttal was issued to the Jang Group on October 12, 2019 for publication in the News and Daily Jang:

Apropos your story on October 11, 2019 entitled, “People must show patience: More shocks of inflation likely,” while quoting SBP Governor, it says, “SBP Governor Reza Baqir has said the people should show patience, as they would have to face more shocks of inflation.” Similar story has been published in the Daily Jang on October 11, 2019. Both the stories have been published after Governor, State Bank’s talk in “Breakfast with Jang” which was held on October 10, 2019 in Karachi.

In the entire talk including question-answer session, State Bank Governor has not made such statements. Instead he repeatedly stated that reducing inflation is State Bank’s key priority and that whatever pressure existed on inflation will start declining and inflation rate will come down, particularly in the second half of the fiscal year. He also emphasised in his talk that we need to have some patience as monetary policy tightening has been done with the objective to reduce inflation and that State Bank will continue to fight inflation.

Further he stated in the program that inflation targeting is a good regime because central bank keeps itself accountable to achieve the target. He added that State Bank is gradually moving towards that; however transition to inflation targeting will take some time. But it is our goal and this is the first year that government has given us inflation target. We are confident to achieve the target.

While requesting for showing patience and optimism, Governor State Bank stated “Insha Allah we are confident that the situation will become better,” adding “when difficult steps are taken, some small shocks might take place and that State Bank is prepared to deal with such shocks.” He requested the audience not to worry in case any unanticipated event took place like international oil price rises or any external development because State Bank is more confident now to meet such challenges. He also stated that the worst is behind us and requested the audience to keep positive things in sight and assured them that next year will be better and State Bank will continue to do better.

In light of the above facts, the statement reported in your stories is factually incorrect and misleading. You will agree that robust fact checking before filing a story could help in avoiding any misleading information printed and thus any potential damage to an institution and the country.

## Following is the translation in Urdu language of the above clarification/rebuttal:

آپ کی 11 اکتوبر 2019ء کی خبر بعنوان ”عوام صبر کریں، مہنگائی کے مزید جھٹکے لگ سکتے ہیں“ میں کہا گیا ہے کہ گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان ڈاکٹر رضا باقر نے کہا ہے کہ عوام صبر کا مظاہرہ کریں کیونکہ مہنگائی کے مزید جھٹکے لگ سکتے ہیں۔

اسی طرح کی ایک خبر 11 اکتوبر 2019ء کے روزنامہ جنگ میں شائع کی گئی ہے۔ دونوں خبریں گورنر اسٹیٹ بینک کی ”بریکفاسٹ ود جنگ“ میں گفتگو کے بعد، جو 10 اکتوبر 2019ء کو کراچی میں منعقد ہوئی تھی، شائع کی گئی ہیں۔ سوال وجواب کے سیشن سمیت تمام گفتگو میں گورنر اسٹیٹ بینک نے ایسے کوئی بیانات نہیں دیے۔ اس کے بجائے انہوں نے بار بار کہا کہ مہنگائی کم کرنا اسٹیٹ بینک کی اہم ترجیح ہے اور مہنگائی پر جو بھی دباؤ ہے وہ کم ہونا شروع ہو جائے گا اور مہنگائی کی شرح گھٹے گی خصوصاً مالی سال کی دوسری

ششماہی میں۔ انہوں نے اپنی گفتگو میں اس بات پر بھی زور دیا کہ ہمیں کچھ صبر کا مظاہرہ کرنا چاہیے کیونکہ مانیٹری پالیسی میں اس مقصد کے لیے سختی لائی گئی ہے کہ مہنگائی کم ہو اور اسٹیٹ بینک مہنگائی کا مقابلہ کرتا رہے گا۔

مزید برآں، انہوں نے اس پروگرام میں کہا کہ انفلیشن ٹارگیٹنگ اچھا نظام ہے کیونکہ مرکزی بینک ہدف کے حصول کے حوالے سے خود کو جوابدہ رکھتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسٹیٹ بینک بتدریج اس کی طرف بڑھ رہا ہے تاہم انفلیشن ٹارگیٹنگ کو پوری طرح اختیار کرنے میں کچھ وقت لگے گا۔ لیکن یہ ہمارا ہدف ہے اور یہ پہلا سال ہے کہ حکومت نے ہمیں مہنگائی کا ہدف دیا ہے۔ ہمیں اعتماد ہے کہ ہدف حاصل ہو جائے گا۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے صبر اور خوش امیدی کا مظاہرہ کرنے کی درخواست کرتے ہوئے کہا کہ ''ان شا اللہ ہمیں اعتماد ہے کہ صورت حال بہتر ہو جائے گی''۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب مشکل اقدامات کیے جاتے ہیں تو کچھ چھوٹے جھٹکے آسکتے ہیں اور اسٹیٹ بینک ان جھٹکوں سے نمٹنے کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے حاضرین سے درخواست کی کہ اگر کوئی غیر متوقع واقعہ جیسے تیل کی عالمی قیمت میں اضافہ یا کوئی بیرونی واقعہ پیش آتا ہے تو پریشان نہ ہوں کیونکہ اسٹیٹ بینک کو اعتماد ہے کہ اب وہ ایسے چیلنجز سے نمٹ لے گا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بدترین حالات گذر چکے ہیں اور حاضرین سے درخواست کی کہ مثبت امور کو نظر میں رکھیں اور انہیں یقین دلایا کہ اگلا سال بہتر ہو گا اور اسٹیٹ بینک بہتری لاتا رہے گا۔

مندرجہ بالا حقائق کی روشنی میں آپ کی خبروں میں درج بیان نادرست اور گمراہ کن ہے۔ آپ اس بات سے اتفاق کریں گے کہ اسٹوری فائل کرنے سے پہلے حقائق کی ٹھیک ٹھیک تصدیق کرلی جائے تو گمراہ کن معلومات شائع ہونے سے روکی جاسکتی ہیں اور کسی ادارے اور اپنے ملک کو ممکنہ نقصان سے بچایا جاسکتا ہے۔

***

## Following are the news items published in the News and Daily Jang:

**<u>People must show patience: More shocks of inflation likely</u>**

*<u>The News – Oct 11, 2019</u>*

KARACHI: The State Bank of Pakistan (SBP) Governor Reza Baqir has said the people should show patience, as they would have to face more shocks of inflation.

The SBP is moving gradually to inflation targeting framework to keep long-term inflation expectations firmly anchored and help in maintaining price stability, the central bank's governor said on Thursday.

"Under inflation-targeting framework, the government announces its inflation target through a proper decision and implements it," SBP Governor Reza Baqir said at a 'breakfast with Jang' discussion on the current economic challenges and role of the SBP.

Baqir said the Bank of England and other central banks around the world have adopted this system. "This is a good practiceto communicate the inflation goal clearly to the public and market," he added. "So, they could be able to make long-term decision-making easily…. and the central bank tries to achieve this target set by the government."

SBP governor said the central bank is gradually moving towards this direction, “but the transition to a new regime will take some time to kick in”.

Baqir also said this was the first time that the government announced its medium-term inflation target of 5 to 7 percent for the next 24 months. The SBP, in its last monetary policy statement, hoped that the target would be achieved.

Baqir said the SBP’s key objective is to control inflation and maintain price stability. “We are confident that the inflationary pressures will start easing in the second half of this fiscal year due to the result of the monetary tightening and other decisions.”

In the past, currency devaluation, heavy taxes and increased utility prices pushed inflation up, leading to monetary policy tightening. SBP governor called for patience and optimism to bring prosperity to the country.

“The worst is behind us,” he said. “Since indicators are moving in right direction, we will be able to deal with external vulnerabilities to be faced by the economy either emerging from high international oil prices. We are prepared to face this issue as we are building up our reserves.”

Baqir said there are signs that the twin deficits are going down. SBP governor said the rise in gross domestic product growth in the past years was driven by booming consumption. He emphasised maintaining of sustainable rate of economic growth through increasing exports and investments.

On a question, he said the central bank is closely monitoring whether or not banks are passing on the benefits from higher interest rates to savers. “Banks are making profits by parking money into the government securities,” he said. “We expect banks to pass on the high interest rates benefit to the savers as well. This will lead to increase in savings, which remain low in the country.”

SBP governor said the central bank is addressing the problems being faced by the public. “We received complains that banks are charging more on exchange rate. We are looking and addressing the problems seriously,” he said. “We plan to provide comfort and facilities to saving accountholders.”

Recalling the history, Baqir said the reasons behind the macroeconomic challenges were widening current account deficit between 2015 and 2018. The overvalued and fixed exchange rate contributed to the reduction of the foreign exchange reserves, he said.

Resultantly, foreign exchange reserves held by the SBP fell to $7.2 billion at the end of June 2019. The reserves stood at $18 billion in June 2018.

SBP governor further said growing fiscal deficit and public debt amid revenue shortfall weakened the creditworthiness of the country. Lower tax-to-GDP ratio led to rise in the budget deficit, he said.
Baqir said exchange rate adjustments since December 2017 reversed the exchange rate overvaluation cycle and helped in improvement of the current account deficit. Transition to a market-based exchange rate system trimmed the current account deficit to half.
SBP governor said the current account deficit narrowed due to compression in imports. Export volumes went up which supported production and employment generation. Export, in terms of value, remained lower, he added.
Baqir said the salaried class is overburdened with taxes. Cooperation of the Federal Board of Revenue is needed to bring more people into the tax net.
SBP governor said digital payments should be encouraged. “We are moving towards digitalisation,” he said. “Digitalisation system will be easy and helpful to document the economy.”

<u>Daily Jang, Oct 11, 2019</u>

# مہنگائی کے مزید جھٹکے لگ سکتے ہیں، عوام صبر کریں، صورتحال دن بدن بہتر ہورہی ہے، گورنر اسٹیٹ بینک

کراچی (بابر علی اعوان / اسٹاف رپورٹر) گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان ڈاکٹر رضا باقر نے کہا ہے کہ مہنگائی کے مزید جھٹکے لگ سکتے ہیں اس لئے عوام صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں اور مثبت سوچ رکھیں، مہنگائی کم کرنا ہمارا مقصد ہے جو کچھ وقت میں کم ہوجائے گی تاہم مسائل کافی بڑے ہیں جنہیں حل کرنے میں وقت لگے گا. ہماری صورتحال مشکل تھی اور ڈیفالٹ بھی ہوسکتا تھا جس پر ہم نے معیشت کیلئے مشکل فیصلے کیے اور اب صورتحال دن بدن بہتر ہورہی ہے، ماہانہ کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ نصف رہ گیا، ایف بی آر سے تعاون کریں، 2017ء میں فارن ایکسچینج ریٹ سسٹم نافذ ہوجاتا تو آئی ایم ایف نہ جانا پڑتا، بجلی گیس قیمتیں بڑھانے سے مہنگائی بڑھی جسے کم کرنے کیلئے شرح سود میں اضافہ کیا.

2015ء تک تجارتی خسارہ صفر تھا اور زرمبادلہ کے ذخائر 18/ ارب ڈالر تھے، 2016ء سے خسارہ بڑھنا شروع ہوا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 'بریک فاسٹ ود جنگ' سے خطاب کے دوران کیا جس کا موضوع ''کرنٹ اکنامک چیلنجز اینڈ دی رول آف اسٹیٹ بینک آف پاکستان'' تھا۔ اس موقع پر جنگ میڈیا گروپ کے سرمد علی اور حمید لودھی بھی موجود تھے۔ڈاکٹر رضا باقر نے کہا کہ اس ساری صورتحال پر بات کرنے سے پہلے یہ دیکھنا ضروری ہے کہ ہم ان حالات تک کیسے پہنچے، پھر کیوں مشکل فیصلے کیے گئے اور اب کیوں کہا جارہا ہے کہ حالات بہتر ہوں گے۔

انہوں نے کہا کہ 2015ء تک پاکستان کا تجارتی خسارہ صفر تھا جبکہ زرمبادلہ کے ذخائر 18/ ارب تھے تاہم 2016ء سے تجارتی خسارہ بڑھنا شروع ہوا اور ایکسچینج ریٹ ایڈجسٹ نہ ہونے سے زرمبادلہ ذخائر کم ہونا شروع ہوگئے جس سے پریشانی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ بیرونی خسارہ بڑھتا جارہا تھا اور ایکسچینج ریٹ ایڈجسٹ نہیں ہورہا تھا کیونکہ ایکسچینج ریٹ کا فیصلہ ایک ادارہ کررہا تھا جبکہ کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ ماہانہ 2/ ارب ڈالر تک پہنچ گیا جس پر قرضہ لینے کا فیصلہ کیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ بین الاقوامی اقتصادی نظام میں قرضہ دینے والے آپ کی حالت اور واپس ادائیگی کی استطاعت دیکھتے ہیں جب دوست ممالک نے ہاتھ کھینچا تو آخری راستہ آئی ایم ایف تھا۔

گورنر اسٹیٹ بینک کا کہنا تھا کہ آئی ایم ایف بھی کسی کو قرضہ دینے سے پہلے دو چیزیں ضرور دیکھتا ہے کہ جن مسائل کے حل کے لئے قرضہ لیا جارہا ہے ان کے حل کے لئے کیا پالیسی لائی گئی ہے اور کیا ملک کا خسارہ اتنا زیادہ تو نہیں کہ قرضہ واپس نہ کیا جاسکے اسی بنیاد پر ہمیں ایک مشکل پروگرام کا انتخاب کرنا پڑا اور سخت فیصلے کیے گئے۔

آئی ایم ایف نے پاکستان کیلئے 6/ ارب ڈالرز قرض کی منظوری دی اور پاکستان نے 99/ کروڑ 10 لاکھ ڈالرز کی پہلی قسط وصول کرلی، سخت فیصلوں کے بعد عوام کو پریشانی ہوئی تاہم ہمیں دیگر ممالک کے تجربات سے علم تھا کہ شروع میں پریشانی ہوگی لیکن یقین تھا کہ جیسے ہی مارکیٹ بوسٹ اپ ہوگی تو حالات بہتر ہوں گے اور آج حالات بہتر ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم نے مارکیٹ ریٹ سسٹم کا نفاذ کیا ہے جس سے ماہانہ کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ نصف رہ گیا ہے۔ اگر 2017ء میں یہی نظام نافذ کیا جاتا، ریٹ سیٹ ہوجاتا اور ذخائر کم نہ ہوتے تو آئی ایم ایف کے پاس جانے کی ضرورت نہ پڑتی، آج روپے کی قدر مارکیٹ طے کررہی ہے جس سے تمام قیاس آرائیاں ختم ہوگئی ہیں۔

انہوں نے کہا کہ خسارے کو کم کرنے کے لئے بجلی اور گیس کے ریٹ بڑھانے پڑے جس سے مہنگائی میں اضافہ ہوا اور مہنگائی کم کرنے کے لیے شرح سود بڑھانا پڑی جس سے عوام کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، مستقبل میں مہنگائی کے مزید جھٹکے لگ سکتے ہیں اس لئے عوام صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں اور مثبت سوچ رکھیں۔ انہوں نے عوام سے کہا کہ ایف بی آر سے تعاون کریں یہ آپ سب کے حق میں ہے اگر زیادہ لوگ ٹیکس ادا کریں گے تو سب پر بوجھ کم ہو گا، ہمارا نظام فری فلوٹ نہیں کہ مرکزی بینک مداخلت نہ کرسکے لیکن ہمارا مستقبل روشن ہے، ہم ڈیجیٹل پے منٹس کو پش کرنے کیلئے ورلڈ بینک کے ساتھ کام کر رہے ہیں جس سے صارفین کو فائدہ ہو گا۔

جنگ میڈیا گروپ کے سرمد علی نے اس موقع پر کہا کہ بریک فاسٹ ود جنگ میں مختلف پالیسی سازوں، سیاسی، ثقافتی اور سماجی شخصیات کو مدعو کیا جاتا ہے جس کا مقصد عوام کو ایک اوپن پلیٹ فارم مہیا کرنا ہے تاکہ عوام بھی اس میں حصہ لے سکیں ان سے سوال کر سکیں اور کچھ سیکھ کر واپس جائیں۔